# پریس ریلیز

## ریزروبینک آف انڈیا


ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91


09 اکتوبر، 2018

### ریزروبینک آف انڈیا نے نوودیہ شہری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، ناگپور، مہاراشٹر کا لائسنس منسوخ کردیا

ریزروبینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے اپنے حکمنامہ مورخہ 04 اکتوبر 2018 کے تحت نوودیہ شہری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، ناگپور، مہاراشٹر کی جاری سرگرمیوں کو 08 اکتوبر 2018 سے موخر کردیا، کمشنر برائے کوآپریشن اور رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز مہاراشٹر سے بھی گزارش کی گئی ہے کہ بینک کو بند کرنے اور بینک کیلئے ایک لکویڈیٹر مقرر کرنے کا آرڈر جاری کریں۔

ریزروبینک نے ذیل کی بنیاد پر لائسنس منسوخ کیا ہے:

i. بینک نے نہ تو وافر پونجی حاصل کی اور نہ ہی مستقبل میں اس کے حصول کا کوئی منصوبہ تھا، اس طرح وہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 11(1) اور سیکشن 22(3) کو سیکشن 56 سے جوڑ کر پڑھا جائے، کی تجاویز پر عمل پیرا نہیں تھا۔

ii. بینک۔ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 22(3) (الف) 22(3) (ب) (ث) 22(3) (ج) 22(3) اور (د) 22(3) کو سیکشن 56 سے جوڑ کر پڑھا جائے، کے مطابق حکم پر عمل آوری میں ناکام رہا۔

iii. بینک کا جاری رہنا کھاتے داروں کے حق میں نقصاندہ ہوگا۔

iv. بینک موجودہ مالی صورتحال میں موجودہ کھاتے داروں کی مکمل ادائیگی میں قاصر ہے: اور

v. اگر بینک کو اپنی بینکنگ سرگرمیوں کو جاری رکھنے کی اجازت دے دی جاتی تو یہ مفاد عامہ میں نقصاندہ ثابت ہوگا۔

لائسنس منسوخ کئے جانے کے نتیجہ میں نوودیہ شہری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ ناگپور، مہاراشٹر، بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 پر سیکشن 5(6) کو سیکشن 56 سے جوڑ کر پڑھا جائے، کے مطابق بینک اس وقت بینکنگ سرگرمی نہیں انجام دے سکتا، جب تک کہ وہ ڈپازٹ کی منظوری اور جمع رقم کی ادائیگی نہ کردیتا۔

لائسنس کی منسوخی اور لکویڈیشن کے عمل کے آغاز کے ساتھ نوودیہ شہری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ کھاتے داروں کی ادائیگی کا سلسلہ ڈی آئی سی جی سی ایکٹ 1961 کے مطابق شروع کرے گا جس میں احوال درج ہے۔ لکویڈیشن کے لئے ہر ایک کھاتہ دار یہ حق رکھتا ہے، اس کی جمع رقم ہر سال سیلنگ روپئے 1,00,000/ (روپئے ایک لاکھ صرف) ڈپازٹ انشورنس اور کریڈٹ گارنٹی کارپوریشن (ڈی آئی سی جی سی) سے اصول وضوابط کے مطابق ادا کی جائے۔

اجیت پرساد
معاون مشیر

پریس ریلیز 2018-2019/823